
## تقریباً ہر 4 میں سے 1 (27% ) پاکستانی نے ہر ہفتے اپنے ننھیال جانے کا بتایا، جبکہ 18% پاکستانیوں کے مطابق وہ اپنے ننھیال کبھی نہیں جاتے ہیں۔

اکثر اوقات اپنے ننھیال جانے کے حوالےسے شرح خواتین کی نسبت مرد حضرات میں زیادہ پائی گئی۔




معلوم نہیں/جواب نہیں دیا: 2%



برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنے ننھیال کتنی باقاعدگی سے جاتے ہیں ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معاشرتی

معاشرتی رویے

## تقریباً ہر 4 میں سے 1 (27%) پاکستانی نے ہر ہفتے اپنے ننھیال جانے کا بتایا، جبکہ 18% پاکستانیوں کے مطابق وہ اپنے ننھیال کبھی نہیں جاتے ہیں۔ اکثر اوقات اپنے ننھیال جانے کے حوالے سے شرح خواتین کی نسبت مرد حضرات میں زیادہ پائی گئی۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد)، 11 نومبر،2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 4 میں سے 1 (27%) پاکستانیوں نے ہر ہفتے اپنے ننھیال جانے کا بتایا، جبکہ 18% پاکستانیوں کے مطابق وہ اپنے ننھیال کبھی نہیں جاتے ہیں۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ ہر ہفتے اپنے ننھیال جانے کے حوالے سے شرح خواتین کی نسبت مرد حضرات میں8% زیادہ پائی گئی۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنے ننھیال کتنی باقاعدگی سے جاتے ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں 27%جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے ننھیال "ہفتے میں ایک بار" جاتے ہیں، 23%جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے ننھیال "مہینے میں ایک بار" جاتے ہیں، 19%جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے ننھیال "سال میں ایک بار" جاتے ہیں، 18%جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے ننھیال "کبھی نہیں" جاتے ہیں، جبکہ 11%جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے ننھیال "چھ ماہ میں ایک بار" جاتے ہیں، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ اپنے ننھیال کتنی باقاعدگی سے جاتے ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

**جنس کے اعتبار سے:** خواتین کی نسبت مرد حضرات میں ہر ہفتے اپنے ننھیال جانے کے حوالے سے شرح زیادہ پائی گئی، جس میں 23% خواتین کی نسبت مرد حضرات کی 31% شرح نے ہر ہفتے اپنے ننھیال جانے کے حوالے سے بتایا۔ اس کے برعکس، مرد حضرات کی نسبت خواتین میں اپنے ننھیال نہ جانے کے حوالے سے شرح زیادہ دیکھنے میں آئی، جس میں 16% مرد حضرات کی نسبت خواتین کی 19% شرح نے اپنے ننھیال کبھی نہ جانے کے حوالے سے بتایا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے:** شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں ہر ہفتے اپنے ننھیال جانے کے حوالے سے شرح 2% زیادہ پائی گئی، جبکہ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں اپنے ننھیال کبھی نہ جانے کے حوالے سے شرح 6% کم دیکھنے میں آئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1089 خواتین اور مرد حضرات سے 12th ستمبر تا 11th اکتوبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 11th November 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)